ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21 روزنامہ
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | ہفتہ 25 شعبان المعظم 1444ھ 18 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 319

سرجانی ٹاؤن سیکٹر 11 میں 40 سالہ مظفر طویل عرصے سے بے روزگار تھا، 2 کمسن بچیوں اور بیوی کو زہر دیکر خود بھی کھالیا

خاندان نے زہر کھالیا

معاشی بدحالی
بے روزگاری
غربت، افلاس
زندگیاں نگلنے لگی

40 سالہ مظفر خان، اہلیہ 35 سالہ فاطمہ اور 4 سالہ ہانیہ تشویشناک حالت میں عباسی شہید اسپتال منتقل

متاثرہ خاندان نے بے روزگاری اور گھر میں راشن نہ ہونے کے باعث انتہائی سنگین قدم اٹھایا، SHO بشیر وادو

کراچی (کرائم رپورٹر/ طاہر عباسی)

سرجانی ٹاون میں طویل عرصے سے بے روزگار شخص نے گھریلو معاشی حالات سے دل برداشتہ ہونے کے بعد انتہائی سنگین اقدام اٹھاتے ہوئے اپنی 2 کمسن بیٹیوں اور بیوی کو زہر دینے کے بعد خود بھی زہر کھالیا۔ایک کمسن بچی دوران علاج دم توڑ گئی ، میاں بیوی اور بڑی بیٹی کی حالت بھی تشویشناک ہے ۔سرجانی ٹاون تھانے کے علاقے سرجانی ٹاون سیکٹر 11 گھر میں طویل عرصے سے بے روزگار شخص نے گھریلو معاشی حالات سے دل برداشتہ ہونے کے بعد انتہائی سنگین اقدام اٹھاتے ہوئے اپنی 2 کمسن بیٹیوں اور بیوی کو زہر دینے کے بعد خود بھی زہر کھالیا۔ چاروں افراد بیہوش ہوگئے جنہیں ایدھی ایمبولنس کے ذریعے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ایک کمسن بچی دوران علاج دم توڑ گئی۔اس حوالے سیایس ایچ او سرجانی ٹاون بشیر وادو نے بتایا کہ زہر کھانے والوں میں 40 سالہ اظہر خان ولد مظفر خان،اس کی بیوی 35 سالہ فاطمہ دو کمسن بیٹیاں 2 سالہ ام ایمن اور 4 سالہ ام ہانیہ شامل ہیں، 2 سالہ کمسن بچی عباسی شہید اسپتال میں دوران علاج دم توڑ گئی ہے جبکہ دیگر افراد کی حالت بھی تشویشناک ہے۔زہر کھانے والیا ظہر کو عباسی شہید اسپتال سے جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ اس کی بیوی اور ایک بیٹی عباسی شہید اسپتال میں ہی زیر علاج ہے۔ایس ایچ او نے بتایا کہ اظہر طویل عرصے سے بے روزگار تھا اور مزدوری نہ لگنے سے گھر میں جھگڑے ہو رہے تھے اور اظہر نے گھریلو معاشی حالات سے دل برداشتہ ہونے کے بعد انتہائی سنگین اقدام اٹھایا۔اظہر کی بھابھی نے عباسی شہید اسپتال میں بتایا کہ ان کے شوہر کے پاس موبائل فون پر اظہر کی کال آئی تھی کہ ہم سب نے ملکر زہر کھالیا ہے اور ہماری حالت انتہائی خراب ہوگئی ہے، جیسے ہی ہم ان کے گھر پہنچے تو ان کی حالت بہت زیادہ خراب تھی ۔دیورانی کچھ ہوش میں تھی جس نے بتایا کہ ان کے گھر میں کھانے کے لیے راشن موجود نہیں تھا اسی وجہ سے ان کی حالت خراب ہوئی۔انھوں نے بتایا کہ ان کے دیور کافی عرصے سے بے روزگار تھے اس دوران ان کی ایک جگہ نوکری بھی لگی تھی پھر پتہ نہیں کیا ہوا کہ ان کی وہ ملازمت بھی چھوٹ گئی۔انھوں نے بتایا کہ ان کا اپنے دیور کے گھر آنا جانا کم تھا لیکن موبائل فون پر رابطہ رہتا تھا، دیور کی دو بیٹیاں ہیں جن میں سے ایک دوران علاج دم توڑ گئی ہے دیور اور دیورانی کی بھی حالت اچھی نہیں ہے۔انھوں نے حکمرانوں سے مطالبہ کیا ہے کہ ہنگامی صورتحال پر غور کیا جائے دیکھیں کہ اس مہنگائی کی وجہ سے گھروں میں لوگ خودکشیاں کرنے پر مجبور ہوگئے ہیں۔خدارا غریبوں پر رحم کریں۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ کراچی 21 NEWS
چیف ایڈیٹر محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | ہفتہ 25 شعبان المعظم 1444ھ | 18 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 319

کبھی کے پی پولیس تو کبھی گلگت کی پولیس کو پنجاب پولیس سے لڑائیے اب بات چیت کی گنجائش نہیں

PTI کو دہشت گرد قرار دینے کا مطالبہ

عدالتوں کو کہوں گی کہ انصاف کریں' آج پھر وارنٹ معطل کر دیے گئے' کیا یہ سہولت باقی جماعتوں کو بھی حاصل ہے' مریم نواز کا سوال

ریاست پکڑنا چاہے تو 5 منٹ میں پکڑ سکتی ہے لیکن ہم خون خرابہ نہیں چاہتے' اس کو ملک میں انتشار پھیلانے کیلئے مسلط کیا گیا ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ ن کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مریم نواز نے کہا ہے کہ عمران خان کو ابھی نہیں بلکہ مقدمات کا فیصلہ ہونے پر گرفتار کیا جائے۔ مریم نواز نے پارٹی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ زمان پارک میں ہونے والے مناظر ملک کی 75 سالہ تاریخ میں کسی سیاسی جماعت کے ساتھ نظر نہیں آئے، سیاسی و جمہوری جماعتیں تو مقصد کے لیے پھانسیاں، جیلیں، جلاوطنی کاٹتے ہیں۔ مریم نواز نے کہا کہ انہوں نے پولیس، ریاست پر دھاوا بولا، جو ریاست کیخلاف کھلے عام بغاوت ہوئی ہے، 2014 سے یہی کچھ ہو رہا ہے، انہوں نے شاہراہ دستور پر قبریں کھودیں اور ریاست کا مذاق اڑایا۔ انہوں نے کہا کہ پہلے یہ چیزیں چھپی ہوئی تھیں کیونکہ سرپرست اور سہولتکار اس وقت موجود تھے، یہ جسٹس کھوسہ کی عدالت میں روز ٹانگ پر ٹانگ رکھ کر بیٹھا ہوتا ہے اور اشتہاری ہوتا تھا لیکن اسے کوئی گرفتار نہیں کرتا تھا۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ جسٹس کھوسہ نے نواز شریف کو جن الفاظ سے پکارا، وہ ذرا دیکھیں کہ گاڈ فادر اور سیسیلین مافیا کون ہے اور کیسا ہوتا ہے، آج بھی ان کی باقیات موجود ہیں اور سہولتکاری کر رہی ہیں۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ ریاست پکڑنا چاہے تو 5 منٹ میں پکڑ سکتی ہے لیکن ریاست خون خرابہ نہیں چاہتی، رحیم یار خان کے کچے کے علاقے اور زمان پارک میں ہونے والے آپریشن میں کیا فرق ہے؟، وہاں ڈاکو پولیس کو پیچھے دھکیل دیتے ہیں اور زمان پارک میں بھی ایسا ہی ہو رہا ہے۔ سینئر نائب صدر نے کہا کہ یہ شخص شروع سے ریاست پر حملہ آور ہے، اس نے اپنی حکومت کے خاتمے کو دیکھ کر ملکی معیشت پر بھی مائنز بچھائیں، سائفر کے معاملے پر دوسرے ممالک سے ملک کے تعلقات خراب کر دیے، زلمے خلیل زاد کو پاکستان کے اندرونی معاملات میں بولنے کی اجازت کس نے دی؟؟، ثابت ہو گیا کہ فارن فنڈنگ سے اس کو ملک میں انتشار پھیلانے کے لئے مسلط کیا گیا۔ مریم نواز نے کہا کہ تمہیں گرفتار کر کے بلوچستان نہیں بھیجنا تھا بلکہ عدالت پیش کرنا تھا، کیا ٹیریان والا کیس جھوٹا ہے؟، یہ کس کو بے وقوف بنا رہا ہے، یہ قانون سے اتنا بھاگ رہا ہے کہ اسے عدالت میں پیش کرنے کے لئے گرفتار کرنے کی کوشش کرنا پڑ رہی ہے۔ مریم نے موقف اختیار کیا کہ میں کہتی ہوں کہ اسے ابھی گرفتار نہ کیا جائے بلکہ مقدمے چلائے جائیں اسے عدالتوں میں پیش ہونے کی انڈر ٹیکنگ لی جائے کہ ہر پیشی پر پیش ہوں گا، جب کیسوں کا فیصلہ ہو جائے تو پھر اسے گرفتار کر لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد غاروں میں بیٹھ کر احکامات دیتے تھے اور یہ زمان پارک کے اندر سے بیٹھ کر پٹرول بم پھینکنے کے احکامات دیتا رہا، خیبر پختونخوا میں اپنی حکومت ہوتے ہوئے یہ جتھے لا کر اسلام آباد میں پولیس کے سامنے کھڑا کرتا رہا۔ رہنما ن لیگ نے کہا کہ اس کے اپنے بچے لندن میں محفوظ ہیں اور لوگوں کے بچوں کو ریاست پر حملہ آور ہوئے کی ترغیب دے رہا ہے، یہ کہتا ہے کہ جتھے لانے، پٹرول بم اور دہشت گردی کرنے والوں کو ٹکٹ ملے گا حالانکہ عوام کی خدمت کرنے والوں کو ٹکٹ ملنا چاہیے، کیا کسی کو شک کی گنجائش رہ گئی ہے کہ یہ سیاسی جماعت نہیں بلکہ خانہ جنگی کا پلان لے کر سیاست کے نام پر وارد ہوئی ہے۔ مریم نواز نے سوال اٹھایا کہ آج پھر اس کے وارنٹ معطل ہو گئے، کیا یہ سہولت باقی سب جماعتوں کو حاصل ہے؟ ایک شخص انصاف سے ڈر رہا ہے لیکن اس کے ہاتھ جرائم سے رنگے ہوئے ہیں، ایک شخص کو قانون سے بچانے کے لئے ریاست یرغمال بنی ہوئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں عدالتوں کو کہوں گی کہ انصاف کریں، عدالتوں کے احکامات کو نہیں مانا جاتا تو عدلیہ اس پر خاموش رہیں گی تو اس پر سوالات اٹھیں گے اور سوالات اٹھ رہے ہیں۔ مریم نواز نے زور دیا کہ حکومت کو چاہیے کہ عمران خان سے سیاسی جماعت کی طرح نہیں بلکہ دہشت گرد کالعدم جماعتوں کی طرح ڈیل کرے، یہ سب ہتھکنڈے آزما چکا ہے اس لئے اب بات چیت کی پیشکش کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان جنرل باجوہ کی تعریفیں کرتے رہے اور عہدے سے ہٹنے پر ان کے کورٹ مارشل کا مطالبہ کیا، جنرل باجوہ اور جنرل فیض نے جو کچھ کیا اس کا وہ اعتراف کر چکے، وہ ادارے کی بدنامی کا باعث بنے ہیں اس لئے وہ ان کیخلاف خود کارروائی کرے۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ کراچی 21 NEWS
چیف ایڈیٹر محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | ہفتہ 25 شعبان المعظم 1444ھ 18 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 319

آئے دن جرائم بڑھ رہے ہیں پولیس کے وسائل کو بڑھانا ہوگا، حکومت کو سفارشات بھیج دیں

پولیس کو وسائل کی کمی کا سامنا

حکومت ہمارے ساتھ تعاون کرے

اپنی ٹریننگ اور بھرتیوں کے عمل کو بہتر بنایا ہے، جرائم پر قابو پانے کیلئے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں

عدالت نے انویسٹی گیشن پولیس اور پراسیکیوشن کے درمیان رابطوں کو بہتر بنانے کی ہدایت کی

کراچی (نمائندہ خصوصی/صفدر محمود آرائیں)

آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے کہا ہے کہ آئے دن جرائم بڑھ رہے ہیں، پولیس کو وسائل کی بھی کمی کا سامنا ہے۔ کراچی میں میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے غلام نبی میمن نے کہا کہ پولیس کے وسائل کو بڑھانا ہوگا، کوشش ہے کہ حکومت ہمارے ساتھ تعاون کرے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نیحکومت کو اپنی سفارشات ارسال کی ہیں، اپنی ٹریننگ اور بھرتیوں کے عمل کو بہتر بنایا ہے۔ آئی جی سندھ نے کہا کہ عدالت نے انویسٹی گیشن بہتر بنانے اور عدالتی احکامات پر عملدرآمد کی ہدایت کی ہے۔ غلام نبی میمن نے کہا کہ عدالت نے پولیس اور پراسیکیوشن کے درمیان رابطوں کو بہتر بنانے کی ہدایت کی ہے۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | ہفتہ 25 شعبان المعظم 1444ھ 18 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 319

نیو کراچی انڈسٹریل ایریا

سب سے بڑی بولی گٹکا ماوا ڈان فیصل آبادی نے 22 لاکھ ہفتہ لگائی

تھانہ ماوا ڈان کو فروخت

مضر صحت گٹکا ماوا اور چھالیہ کا سب سے بڑا مرکز گودھرا کالونی میں ہے جہاں ہر دوسرے گھر میں کارخانہ آباد ہے' SHO نیو کراچی انڈسٹریل ایریا چوہدری طفیل نے پہلے دوسروں کے گٹکے ماوے بند کروائے اور بعد میں تمام کیبن والوں کو صرف فیصل آبادی کا مال فروخت کرنے کا حکم دیا

کراچی (کرائم رپورٹر/ندیم اسلم)

نیو کراچی انڈسٹریل ایریا تھانہ چھالیہ و گٹکا ماوا ڈیلر کو 22 لاکھ روپے ہفتہ طے پانے کے بعد ٹھیکے پر دے دیا گیا تھانے کی سب سے بڑی بولی گٹکا ماوا ڈان فیصل آبادی نے لگائی گودھرا سے اللہ والی چورنگی تک صرف فیصل آبادی کا مضر صحت گٹکا ماوا فروخت ہوگا پیسوں کے لالچ میں اندھے ایس ایچ او نیو کراچی انڈسٹریل ایریا چوہدری طفیل نے زہر کھلے عام بیچنے کی اجازت دے دی ہے ایک جانب آئی جی سندھ کی مضر صحت گٹکا ماوا فروخت کی روک تھام میں ناکامی پر عدالتوں میں سرزنش ہوتی رہتی ہے دوسری جانب انسپکٹر چوہدری طفیل لاکھوں روپے ہفتہ وصول کر کے اپنے اعلی افسران کو عدالت کے سامنے شرمندہ کرنے میں اپنا کردار بخوبی انجام دیتے ہیں تفصیلات کے مطابق نیو کراچی انڈسٹریل ایریا تھانے کی حدود میں مضر صحت گٹکا ماوا اور چھالیہ کا سب سے بڑا مرکز گودھرا کالونی میں واقع ہے جہاں ہر تین مکان کے بعد چوتھے مکان میں مضر صحت گٹکا ماوا بنانے کے چھوٹے اور بڑے کارخانے آباد ہے جس کی وجہ سے دن ورات کھلے عام پان کے کیبن اور دوکانوں میں مضر صحت گٹکا ماوا فروخت ہو رہا ہے باخبر ذرائع کے مطابق ایس ایچ او نیو کراچی انڈسٹریل ایریا چوہدری طفیل نے اپنا تھانہ گودھرا کالونی کے سب سے بڑے گٹکا ماوا ڈیلر فیصل آبادی کو 22 لاکھ روپے ہفتہ طے پانے پر ٹھیکے پر دے دیا ہے مصدقہ ذرائع کے مطابق فیصل آبادی نے گودھرا کالونی سے اللہ والی تک پان کے کیبن اور دوکانوں میں مضر صحت گٹکا ماوا فروخت کرنے والوں کا کام انسپکٹر چوہدری طفیل کے ذریعے بند کروایا اور پھر گٹکا ماوا بنانے اور فروخت کرنے والوں کو فیصل آبادی کا مال فروخت کرنے کی شرط پر اجازت دے دی تھی نیو کراچی انڈسٹریل تھانے کی حدود میں اب صرف فیصل آباد کا ہی مضر صحت ماوا اور گودھرا گٹکا فروخت ہو رہا ہے ذرائع نے مزید بتایا کہ فیصل آبادی کے اس گنہاؤنے دھندے میں فیصل گنڈیری اور سلیمان ڈوبہ بھی شامل ہیں ایس ایچ او نیو کراچی انڈسٹریل ایریا چوہدری طفیل اعلی افسران کا کماؤ پوت تھانیدار ہے جس کے علاقے میں مضر صحت گٹکا ماوا فروخت کی نشاندہی مختلف ٹی وی چینلز اور اخبارات کے ذریعے کرنے کے باوجود بھی انسپکٹر چوہدری طفیل اپنی کرسی پر براجمان ہے جبکہ فیصل آبادی ، فیصل گنڈیری اور سلیمان ڈوبہ کے خلاف بھی اب تک اعلی افسران نے ایکشن لینے کے بجائے خاموشی اختیار کی ہوئی ہے اکثر دیکھا گیا ہے کہ مضر صحت گٹکا ماوا کی فروخت کی روک تھام کی ناکامی پر آئی جی سندھ کی عدالتوں میں سرزنش ہوتی ہے لیکن ان ہی کے ماتحت تھانیدار کی وجہ سے اعلی افسران کو شرمندگی کا سامنا کرنا پڑتا ہے گزشتہ روز بھی آئی جی سندھ نے حکم نامہ جاری کیا تھا کہ جو بھی پولیس افسر یا اہلکار گٹکا ماوا یا منشیات فروشی میں ملوث پایا گیا تو اس کو نوکری سے برطرف کر دیا جائے گا لیکن نیو کراچی انڈسٹریل ایریا کی حدود میں ایس ایچ او کی سرپرستی میں شاہ جی چوہدری طفیل کا سارا سسٹم سنبھالتا ہے دیکھنا یہ ہے آئی جی سندھ اپنے ہی احکامات کی تعمیل کر پائیں گے ایس ایچ او نیو کراچی انڈسٹریل ایریا چوہدری طفیل محکمہ پولیس کا ملازم سہیل عرف شاہ جی 22 لاکھ روپے ہفتہ دینے والا گٹکا ماوا ڈان فیصل آبادی سمیت دیگر گنہاؤنے کردار کے خلاف کاروائی عمل میں لاسکیں گے۔

ABC CERTIFIED
کراچی کی آواز
Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ
کراچی
21 NEWS
چیف ایڈیٹر
محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | ہفتہ 25 شعبان المعظم 1444ھ 18 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 319

گلشن اقبال
پٹیل پاڑہ
بلدیہ لانڈھی

لانڈھی سے خاتون اور نوزائیدہ بچے کی لاش ملی گلشن اقبال میں فلیٹ سے 60 سالہ شخص کی لاش برآمد

5 افراد کی لاشیں ملیں

کراچی (کرائم رپورٹر) گلشن اقبال، پٹیل پاڑہ بلدیہ، لانڈھی سے خاتون اور نوزائیدہ بچے سمیت پانچ افراد کی نعشیں ملیں تفصیلات کے مطابق گلشن اقبال بلاک 02 فائیو سٹار کمپلیکس اپارٹمنٹ سے 60 سالہ شخصید احمد خان ولد عزیز اللہ خان کی ہشد دشدہ لاش ملی نعش کو ایدھی ایمبولینس ذریعے جناح منتقل کیا پولیس کے مطابق نعش کا پہوسٹ مارٹم کے بعد قتل کی وجہ معلوم ہوگی : پٹیل پاڑہ ڈاکخانہ کے قریب روڈ سے 35 سالہ شخص کی لاش ملی * ایدھی ایمبولینس کے ذریعے سول ہسپتال منتقل kia لانڈھی مجید کالونی سیکٹر 01 کے قریب گھر سے تشدد زدہ 08 سے 10 دن پرانی 55 سالہ خاتون شہناز زوجہ فاروق کی لاش ملی جسکو، جناح ہسپتال منتقل کیا گیا ہے - گلشن اقبال بلاک 02 امتیاز مارکیٹ کے قریب فٹ پاتھ سے 30 سالہ شخص کی لاش ملی لاش کو چھیپا ایمبولینس کے ذریعے جناح ہسپتال منتقل کیا گیا مر بلدیہ حب ریور روڈ لکی موڑ مولانا ھوٹل کے قریب روڈ سے 01 نوزائیدہ بچے کی لاش ملی ہے * ایدھی ایمبولینس ذریعے قریبی تھانے میں کاروائی کے بعد ایدھی ھوم سہراب گوٹھ ایدھی سرد خانے منتقل کیا۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ کراچی 21 NEWS
چیف ایڈیٹر محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | ہفتہ 25 شعبان المعظم 1444ھ 18 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 319

5 اغوا کار جھڑپ میں زخمی ڈکیت گرفتار

اسٹیل مل کے قریب مقابلے کے بعد لٹیرا زخمی حالت میں گرفتار، ساتھی فرار

پی آئی بی اور عزیز آباد سے پانچ اغوا کاروں کو حراست میں لے لیا گیا

کراچی (کرائم رپورٹر/ بابر رند)

رات گئے بن قاسم میں مقابلہ ایک ڈکیت زخمی حالت میں گرفتار پی آئی بی اور عزیز آباد سے پانچ اغواء کار اور دکیت گرفتار کر لئے تفصیلات کے مطابق بن قاسم پولیس کا شہریوں کو لوٹنے والے اسٹریٹ کریمنل سے مبینہ مقابلہ ، پولیس کے مطابق چھتری چوک نزد پاکستان اسٹیل مل کے قریب ڈکیت شہری سے لوٹ مار کی واردات کر رہے تھے ، گشت پر مامور پولیس موقع پر پہنچ گ?ی ، پولیس اور ڈکیتوں کے درمیان دوطرفہ فا? رنگ کا تبادلہ ہوا ، ی جوابی فا? رنگ سے ایک ڈکیت محمد نادر ولد بشیر احمد کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا ، ملزم کا ساتھی موقع سے فرار ہوگیا ، زخمی ڈکیت کے قبضے سے اسلحہ ایک ٹی ٹی پستول چھینے ہو? ے موبا? ل فون اور نقدی برآمد ، پی آئی بی کالونی پولیس نے اسٹریٹ کریمنل تیمور شاہ ولد نوداد شاہ کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد عزیزا? باد پولیس کی ٹیکنیکل بنیادوں پر کاروائی لیاری ایکسپریس وے سے نوجوان کو حبسِ بے جا میں لیکر لوٹنے والے چار مسلح ملزمان عطا محمد ولد آغا محمد، نوید ولد اختر محمد اور رحمت ولد محمد اسلم کو گرفتار کرلیا۔ ملزمان کے قبضے سے تینعد د پسٹل ، لوٹی ہوئی رقم اور چار عدد موبائل فونز سمیت ایک ٹویوٹا کرولا کار بھی برآمد کر لی گئی۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ کراچی 21 NEWS
چیف ایڈیٹر محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | ہفتہ 25 شعبان المعظم 1444ھ 18 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 319

ANF کارروائی: 123 ہیروئن بھرے کیپسول برآمد

سوات کے رہائشی ملزم اور کراچی کی رہائشی خاتون کو گرفتار کر لیا گیا

گرفتار ملزم کیخلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر لئے گئے

کراچی (کرائم رپورٹر) اے این ایف کا منشیات کے خلاف کامیاب کاروائیوں کا سلسلہ جاری اسلام آباد انٹرنیشنل ائیرپورٹ پر جدہ جانیوالے 2 ملزمان کے پیٹ سے مجموعی طور پر 123 ہیروئین بھرے کیپسول برآمد سوات کا رہائشی ملزم اور کراچی کی رہائشی خاتون گرفتار انٹرنیشنل میل آفس راولپنڈی میں لندن بھیجے جانیوالے پارسل پردوں میں جزب شدہ آئس برآمد پارسل پردوں کا مجموعی وزن 8 کلو 450 گرام ہے اسلام آباد پارک روڈ کے قریب کاروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان سے 6 کلو چرس برآمدم لزمان اسلام آباد کے پوش علاقے میں چرس سپلائی کرتے تھے اے این ایف اور اے ایس ایف کی سیالکوٹ ائیرپورٹ پر مشترکہ کاروائی بحرین جانے والیم لزم سے 6 کلو 980 گرام لیکوئیڈ آئس برآمد برآمد شدہ آئس مختلف رنگوں والی بوتلوں سے لیکویڈ کی شکل میں برآمد ہوئی صوابی کا رہائشی ملزم گرفتار لاہور انٹرنیشنل ائیرپورٹ سے بحرین جانے والے 2 ملزمان کے پیٹ سے مجموعی طور پر 145 ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد اسلام آباد اور میانوالی کے رہائشی ملزمان گرفتار جبکہ دوحہ جانے والی خاتون کے پیٹ سے 82 ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد کوہاٹ کی رہائشی خاتون گرفتار گرفتار م لزمان کیخلاف انسدادِ منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | ہفتہ 25 شعبان المعظم 1444ھ 18 مارچ 2023 | شمارہ نمبر 319

فیروز آباد اسٹیل ٹاؤن 3 ڈاکو ہاف فرائی

بلدیہ میں عوام نے 2 ڈاکوؤں کی درگت بنادی، بریگیڈ سے چار ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا

گرفتار ملزم کے قبضے سے اسلحہ، موٹر سائیکل، موبائل فون برآمد، مقدمات درج کر لئے گئے

کراچی (کرائم رپورٹر) فیروز آباد اور اسٹیل ٹاؤن میں خونی مقابلے پولیس نے تین ڈکیت ہاف فرائی کردئے بلدیہ میں عوام نے دو ڈاکوؤں کی درگت بنادی بریگیڈ پاک کالونی پولیس نے چار ملزمان کو گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق فیروز آباد پولیس نے ہل پارک کے قریب موٹر سائیکل پر سوار ملزم کو، مشکوک جانتے ہوئے پولیس نے روکنے کی کوشش کیملزم نے رکنے کی بجائے پولیس پر فائرنگ شروع کردی پولیس کی جوابی فائرنگ سے اسٹریٹ کرمنل شہزاد ولد رئیس احمد زخمی حالت میں گرفتار ملزم کے قبضے سے ایک پسٹل برآمد تھانہ اسٹیل ٹاون کی پولیس موبائل پر حملہ پولیس کی جوابی کارروائی میں 2 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار دو فرار تھانہ اسٹیل ٹاون کی حدود سومار گوٹھ میں پولیس موبائل نے چار ملزمان کو رکنے کا اشارہ کیا ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کردی پولیس کی جوابی فائرنگ سے دو ملزمان گلزار ولد میر چنداللہ بخش ولد دھنی بخش گرفتار جبکہ دو ملزمان ۔نور محمد۔ کشور کمار موقع سے فرار ہوگئے زخمی ملزمان کے قبضے سے 2 پستول 30 بور، 1 موٹر سائیکل اور موبائل فون برآمد ملزمان ڈکیتی کی کئی وارداتوں میں پہلے بھی گرفتار ہو چکے ہیں ملزمان کو علاج معالجہ کے لئے اسپتال روانہ کیا گیا ملزمان کے خلاف قانونی کاروائی جاری ہیبر گیڈ پولیس نے اسٹریٹ کریمنل گینگ کے دو کارندے گرفتار کر لئے ملزمان موٹر سا? یکل لفٹنگ اور اسٹریٹ کرا? م کی وارداتوں میں ملوث ہیں گرفتار ملزمان سے غیر قانونی اسلحہ اور چوری شدہ M/C برآمد ملزمان عادی جرائم پیشہ اور رپیٹ کرمنل ہے اس سے قبل بھی گرفتار ہو کر جیل جا چکے ہیں بلدیہ پولیس نے ترک مارکیٹ بلدیہ سے مقابلے کے بعد دو ڈکیت عقیل احمد ولد نزیر احمد اور ۔رحمان شیر ولد رشید کو موقع واردات سے زخمی حالت میں گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق موٹر سائیکل سوار مسلح ملزمان کی موجودگی کی اطلاع پر گشت پر مامور پولیس پارٹی نے فوری موقع پر پہنچ کر اہل محلّہ کی مدد سے دونوں ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس پارٹی نے ملزمان کو مشتعل ہجوم سے چھڑوا کر زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کیا۔ املزمان کے قبضے سے بوقت گرفتاری ایک ضرب پستول بمعہ راونڈ اور موٹر سائیکل برآمد ہوئیملزمان عادی جرائم پیشہ ہیں جو کہ اس سے قبل بھی تھانہ بلدیہ اور مدینہ کالونی سے گرفتار ہو کر جیل جا چکے ہیں۔ اپاک کالونی پولیس نے ریکسر لائن گولیمار سے اقدام کے قتل کے مقدمہ میں نامزد ملزم عادل ولد عبدالرزاق کو ناجائز اسلحہ سمیت گرفتار کرلیا ملزم نے مورخہ 12 مارچ 2023 کو محمد حنیف نامی اپنے پڑوسی پر قاتلانہ حملہ کیا تھا۔ مزکورہ بالا واقع کا مقدمہ 69/23 بجرم دفعہ 324 ت پ درج کیا گیا تھا ملزم کے قبضہ سے بوقت گرفتاری ایک ضرب 30 بور پستول بمعہ راونڈ برآمد ہو ملزم عادی جرائم پیشہ ہے جو کہ اس سے قبل بھی تھانہ پاک کالونی سے 5 مختلف مقدمات میں گرفتار ہو کر جیل جا چکا ہے۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ کراچی 21 NEWS
چیف ایڈیٹر محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | ہفتہ 25 شعبان المعظم 1444ھ 18 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 319

کراچی کا مغوی کچے سے بازیاب

گلستان جوہر سے 3 ماہ پہلے اغوا ہونیوالے نوجوان کو کشمور میں آپریشن کے دوران بازیاب کرایا گیا

اغوا کاروں نے ذاکر اللہ کو بھاری تاوان کیلئے اغوا کر کے کچے میں چھپا رکھا تھا، AVLC

کراچی (کرائم رپورٹر) اینٹی وائلنٹ کرائم سیل کے عملے نے کراچی کے علاقے گلستانِ جوہر سے 3 ماہ قبل اغواء کیے گئے نوجوان کو کشمور کے کچے کے علاقے میں آپریشن کے دوران بازیاب کرالیا۔ سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس اے وی سی سی عبدالرحیم شیرازی کے مطابق کشمور کے کچے کے علاقے میں آپریشن کے دوران اسپیشلائز ٹیم نے لوکل پولیس کے ہمراہ کارروائی کی۔ مغوی ذاکر اللہ کو گلستانِ جوہر سے 15 دسمبر کو اغواء کیا گیا تھا جس کے لیے غوث پور کرم پور بیگھاری اور کشمور سے تاوان کے لیے فون کالز کی گئیں۔ عبدالرحیم شیرازی کے مطابق اے وی سی سی نے کچے کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کیں اور مغوی کو غوث پور میں آپریشن کرتے ہوئے بازیاب کرالیا گیا۔ اغواء کاروں نے ذاکر اللہ کو بھاری تاوان کے لیے اغوا کر کے کچے کے علاقے میں چھپا رکھا تھا۔ کارروائی کے دوران ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، مغوی کو بحفاظت کراچی منتقل کر دیا گیا ہے۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ
کراچی
21 NEWS
چیف ایڈیٹر
محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | ہفتہ 25 شعبان المعظم 1444ھ 18 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 319

AVLC کارروائی

سوزوکی لفٹر گرفتار

ساتھی فائرنگ کرتے ہوئے فرار

اے وی ایل سی نے کلفٹن میں مقابلے کے بعد ملزم ریحان عرف گڈو کو گرفتار کیا

ملزم سے کار اور اسلحہ برآمد کرلیا، ملزم ماہر لفٹر اور سوزوکیاں چوری کرتا ہے

کراچی (کرائم رپورٹر) اے وی ایل سی سٹی ڈویژن نے کلفٹن کے علاقے میں پولیس مقابلہ کے بعد سوزوکی ہائی روف کی چوری کے ماہر ملزم کو گرفتار کرلیا جبکہ ملزم کا ساتھی فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگیا تفصیلات کے مطابق اے وی ایل سی، سٹی ڈویژن نے کاروائی کرتے ہوئے سی سی ٹی وی فوٹیجز کی مدد سے کراچی سے سوزوکی ہائی روف چوری کرنے کے متعدد مقدمات میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ، اے وی ایل سی کو انتہائی مطلوب سوزوکی ہائی روف کی چوری کے ماہر ملزم ریحان عرف گڈو ولد یوسفکو اے وی ایل سی سٹی ڈویژن نے کلفٹن کے علاقے میں پولیس مقابلہ کے بعد گرفتار کر کے تھانہ نیو کراچی کے علاقے سے سرقہ شدہ ایک کار اور ایک پستول برآمد کرلی۔ واضح رہے کہ سوزوکی ہائی روف کی چوری کا ماہر ملزم عرصہ سے صرف سوزوکی ہائی روف کی چوری میں ملوث ہے اور اپنے دونوں بیٹوں کے ساتھ مل کر چوری کی وارداتیں انجام دیتا ہے اور اب تک کراچی سے درجنوں سوزوکی ہائی روف چوری کر کے بیلا (بلوچستان) میں کھوکھر برادران کو فروخت کر چکا ہے۔ گرفتار ہائی روف چور ملزم اپنے حلیہ کا ناجائز فائدہ اٹھا کر پولیس اور عوام کو دھوکہ دینے میں کامیاب رہتا ہیگرفتار ہائی روف چور ملزم عادی جرائم پیشہ ہے اور اس سے پہلے بھی دوبار اے وی ایل سی کے ہاتھوں گرفتار ہو کر جیل جا چکا ہے جس کا سابقہ ریکارڈ موجود ہے۔ سی سی ٹی وی ویڈیو میں ملزم کو واضح طور پر سوزوکی ہائی روف چوری کرتے اور لے جاتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ * ملزم کے دیگر مفرور ساتھی ملزمان کی گرفتاری اور مزید گاڑیوں کی برآمدگی کے لئے چھاپہ مارے جا رہے ہیں۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ کراچی 21 NEWS
چیف ایڈیٹر محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | ہفتہ 25 شعبان المعظم 1444ھ 18 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 319

ابراہیم حیدری 2 منشیات فروش گرفتار

ملزمان سے 2 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کر کے مقدمے درج کرلیا

شعیب اور عظیم پٹیل پاڑہ میں منشیات فروخت کرتے تھے، دونوں عادی مجرم ہیں

کراچی (کرائم رپورٹر/ ندیم اسلم)

منشیات فروش مافیا کے خلاف ابراہیم حیدری پولیس کی جبل پاڑہ میں کامیاب کاروائی دو منشیات فروش گرفتار دو کلوگرام سے زائد اعلی کوالٹی کی چرس برآمد مقدمہ درج کر کے قانونی کاروائی شروع کردی گئی ہے تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی ملیر سردار حسن نیازی کی خصوصی ہدایت پر سماج دشمنوں کے خلاف تابڑتوڑ کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے ایس ایچ او ابراہیم حیدری ایوب اوڈھو نے خفیہ اطلاع پر جبل پاڑہ کے قریب کامیاب کاروائی کرتے ہوئے دو منشیات فروش شعیب خاصخیلی ولد محمد اسلم اور عظیم اللہ ولد گل محمد کو گرفتار کرلیا ہے ملزمان کے قبضے سے دو کلوگرام سے زائد اعلی کوالٹی کی چرس برآمد کرلی ہے پولیس کے مطابق شعیب خاصخیلی عادی جرائم پیشہ ہیں ملزم کے خلاف اقدام قتل پولیس مقابلہ منشیات فروشی سمیت سنگین نوعیت کے مقدمات میں گرفتار ہو کر جیل جاچکا ہے ابراہیم حیدری پولیس نے ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ قائم کر کے تفتیش شروع کردی ہے۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ کراچی 21 NEWS
چیف ایڈیٹر محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | ہفتہ 25 شعبان المعظم 1444ھ 18 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 319

کراچی (کرائم رپورٹر/ایاز قریشی)

لانڈھی ایس ایچ او فرخ علی ہاشمی کا عادی جرام پیشہ آی آر لسٹڈ مطلوب ملزمان کیخلاف کریک ڈاون 5 ملزمان گرفتار لانڈھی ایس ایچ او فرخ علی ہاشمی نے مختلف کارروایوں کے دوران 5 مطلوب ملزمان میں شامل اسٹریٹ کریمنل منشیات وگٹکا ماوا فروشوں کو گرفتار کرلیا پہلی کاروای میں فہرست میں شامل مطلوب وآی لسٹڈ ملزم نعمان کے قبضے سے مضر صحت 10 کلو سے زاد گٹکا ماوا برآمد کیا دوسری کاروای کے دوران گرفتار اسٹریٹ کریمنل ملزم سراج عرف لالا بھای کے قبضے سے اسلحہ ایک پسٹل برآمد کیا تیسری کاروای کے دوران فہرست میں شامل آی آر لسٹڈ ومطلوب ملزمان علی اکبر عرف بنگش ضمیر اور عبدالرافع کے قبضے سے ایک کلو سے زاد منشیات چرس برآمد کی گرفتار ملزمان کا سابقہ ریکارڈ بھی موجود ہے ملزمان عادی جرام پیشہ ہیں جو کہ پہلے بھی دیگر مقدمات میں گرفتار ہو کر جیل جاچکے ہیں گرفتار ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کر کے مذید انٹیروگیشن کیلئے تفتیشی حکام کے سپرد کردیا گیا ہے۔

ABC CERTIFIED کراچی کی آواز Member CPNE
Daily KARACHI 21
روزنامہ
21 کراچی NEWS
چیف ایڈیٹر
محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | ہفتہ 25 شعبان المعظم 1444ھ 18 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 319

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد ثروت اعجاز قادری نے کہا ہے کہ پاکستان کی نظریاتی اساس کا تحفظ ہر حال میں کرینگے، حکمران نظریہ پاکستان کے مخالف یہود ونصاریٰ کے نظریات کو مسلط کرنا چاہتے ہیں، نظریہ پاکستان کا تحفظ ہمارا دینی قومی وملی فریضہ ہے، حکمران کی ہر اس پالیسی کی مخالفت کرینگے جس کا ٹکراؤ نظریہ پاکستان سے ہوتا ہے، پاکستان سنی تحریک کے تحت ملک بھر میں 23 مارچ کو تحفظ نظریہ پاکستان کانفرنس، ریلیاں، جلسے اور سمینار منعقد کئے جائیں گے، پاکستان دوقومی نظریہ کے نام پر معرض وجود میں آیا، دوقومی نظریہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی نے پیش کیا اور دنیا کو بتا دیا ہندو اور مسلمان دو الگ الگ قومیں ہیں جس کا طرز زندگی، کلچر اور دین سب سے الگ ہے، قائداعظم محمد علی جناح نے دوقومی نظریہ کو عملی جامہ پہنایا اور اسی بنیاد پر پاکستان حاصل کیا، بنارس کانفرنس میں 5 ہزار سے زائد علماء اہلسنت نے شرکت کی اور واضح پیغام دیا کہ پاکستان ہر حال میں بنا کر دم لیں گے 8 مارچ 1944 کو قائداعظم محمد علی جناح نے پشاور یونیورسٹی میں طلبہ سے خطاب میں کہا کہ پاکستان اس دن معرض وجود میں آ گیا تھا جب ہندوستان میں پہلا غیر مسلم مسلمان ہوا تھا آپ نے 17 نومبر 1945 کو ایڈورڈ کالج پشاور میں تقریر میں کہا کہ ہندو اور مسلمان دونوں قوموں میں صرف مذہب کا فرق نہیں ہمارا کلچر ایک دوسرے سے الگ ہے ہمارا دین ہمیں ایک ضابطہ حیات دیتا ہے جو زندگی کے ہر شعبے میں ہماری رہنمائی کرتا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکز اہلسنت سنت سے جاری ایک بیان میں کیا، ثروت اعجاز قادری کا کہنا تھا کہ، نظریہ پاکستان کے تحفظ کی جتنی ضرورت آج ہے شاید اس سے پہلے نہیں تھی، پاکستان اولیاء اللہ کا فیضان ہے اس کی تعمیر وترقی اور خوشحالی کیلئے تمام اکائیوں کو یکسوئی کے ساتھ کردار ادا کرنا ہوگا۔